المنار



خلافت لائبریری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ

(قرآن کریم سورۃ اعراف)

المنار

تعلیم الاسلام کالج ۔ ربوہ

علم و عمل

علم و عمل

نگران

شیخ محبوب عالم خالد ایم۔ اے

مدیر

لطف الرحمٰن محمود

معاون

کلیم اللہ خان

جلد ۹ ——— شمارہ ۱-۲

اکتوبر، نومبر ۱۹۵۹ء

زاویئے

مستقل کالم :

برسبیلِ تذکرہ ——— مدیر

نقد و نظر ——— سیلانی

مقالات و مضامین :

کچھ جدید غزل کے بارے میں ——— جناب ریاض احمد ایم ۔ اے

عربی شاعری کی ایک جھلک ——— زیڈ ۔ ایچ قریشی

اقبال کا فقر ——— طارق سعید مرزا

عدم کی شاعری ——— سید مقبول حسین

یادِ رفتگان :

اِک چراغ اور بجھا .....! ——— ادارہ

..... ہم نہیں ہوں گے ——— مولانا عبدالمجید سالک مرحوم

طنز و مزاح :

ہوئے تم دوست جس کے ....." ——— ایم ۔ الیاس

ان سے ملئے ——— زرتشت منیر احمد

"خواب اور حقیقت ——— م ۔ ا ۔ فرخ

افکارِ عالیہ :

——— پروفیسر چودھری محمد علی ایم ۔ اے

——— پروفیسر نصیر احمد خان ایم ۔ ایس ۔ سی

——— پروفیسر چودھری محمد شریف خالد ایم ۔ اے

مینائے غزل :

——— خلیل رامپوری ——— سید الیاس بشیر احمد ———

——— محمد اقبال اختر ——— شیخ جمیل شاہین ———

——— سلیم اختر صدیقی ——— محمد ہادی مونس ———

پھنّاں دیاں پھلاں :

ٹالسٹائی دا نظریۂ فن ——— سمیع اللہ ایم ۔ اے

کافی ——— منظور احمد شاکر

غزل ——— لطف الرحمٰن محمود

"فرسٹ ایر"

چنانچہ فورتھ ایر اور سیکنڈ ایر کے پرانے وفادار سپاہی تو امتحان کی صعوبتیں سہ رہے تھے۔ اس لئے فرسٹ ایر اور تھرڈ ایر کی عام "بھرتی" دیر تک جاری رہی۔ ہر نئی چیز دیکھنے کی خواہش کس دل میں نہیں ہوتی؟ اب سیلانی کے پاس بھی مبلغ ایک عدد دل ـــــ دو عدد سالم آنکھیں اور ۲۰/۵ "نور" کی ایک عدد عینک ہے ـــــ اس سارے ساز و سامان کے ہوتے ہوئے فرسٹ ایر کے درشن نہ کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ـــــ ہر کالج میں فرسٹ ایر کی "دیکھ بھال" ہوتی ہے۔ مگر کئی "صوفی منش" بزرگ اس دیکھ بھال کو چھیڑ خانی سے تعبیر کرتے ہیں ـــــ یہ اُنکے اپنے ذوق کی بات ہے۔ ہمارے ذوق کی بات یہ ہے کہ نئے فوجیوں کو "خوش آمدید" کہنا چاہیئے ـــــ! اب بتایئے آخر اس میں کیا قباحت ہے؟ کہا جاتا ہے کہ اس "چھیڑ خانی" کی تان فورتھ ایر اور فرسٹ ایر وغیرہ کے درمیان "فرقہ وارانہ" فسادات پر جا کر ٹوٹتی ہے ـــ غالباً اسی وجہ سے فورتھ ایر اور سیکنڈ ایر کی رجمنٹوں کو ایجی ٹیشن ایکٹ مجریہ ستمبر ۱۹۳۱ء کے تحت نظر بند کر دیا گیا ـــــ گزشتہ کئی سال سے یہی قانون لاگو ہے لیکن ایسا کوئی نہیں کہ دم ہی مار سکے تاہم اتنی بات ضرور تھی کہ ان ایام میں قیدیوں کو تھوڑے تھوڑے وقت کے لئے "ضمانت" پر رہا کر دیا جاتا تھا مگر اس مرتبہ "ڈیٹ شیٹ" کے آرڈیننس مجریہ ۱۲ ستمبر ۱۹۵۹ء کے تحت ضمانت پر رہائی کی رعایت سلب کر لی گئی ہے ـــــ اور شاعرانہ "قید مسلسل" کی سزا سنائی گئی ـــ! ان تمام اسیروں کو سنٹرل جیل یعنی "کالج ہال" میں نظر بند رکھا گیا۔ گرمی کی شدت، قلمی مشقت، ذہنی کوفت اور عام ضعف کی وجہ سے اکثر اسیروں کی حالت نازک سے نازک تر ہو جاتی رہی۔ یہ خدا کا شکر ہے کہ "حادثہ بیک ہول" ہوتے ہوتے رہ گیا ہے ـــــ جب "فرسٹ ایر" کی موجودگی میں نقضِ امن کا خطرہ ٹل جانے کا یقین ہو گیا، تو عام قیدیوں کو رہا کر دیا گیا ـــــ سنٹرل جیل سے نکلنے کے بعد سیلانی کو یوں محسوس ہوا کہ گویا بیس پونڈ وزن گھٹ گیا ہے۔ تاہم دہائی کے فوراً بعد فرسٹ ایر کو ملاحظہ کیا گیا ـــــ ع

ہر گُل را بُوئے دیگر است!

کئی عزیز تو جمعہ جمعہ آٹھ دن کی پیدائش ہیں اور کئی ماشاءاللہ اتنے بوڑھے اور عمر رسیدہ ہیں کہ "ایمان" لانا پڑتا ہے کہ ہو نہ ہو ہمارے واجب الاحترام باوا کے پیچھے پیچھے جنت سے انہیں بزرگوں کو ارسال کیا گیا ہے ـــــ جو ارتقائی منازل طے کرنے کے بعد اب خیر سے فرسٹ ایر کے درجے کو پہنچے ہیں!!

اب خدا لگتی کہیئے ان ننھے منھے بچوں یا ان بوڑھے بزرگوں کو تنگ کرنے پر ہمارے حساس دل آمادہ ہو سکتے ہیں؟ جن بچوں کو آتا دیکھ کر ہم اپنے سانس روک لیتے ہیں کہ مبادا کہیں اُڑ نہ جائیں ـــ یا جن بزرگوں کے عصائے تقدس سے لرزاں ترساں ہیں ـــــ اُن سے چھیڑ خانی کیسے ہو سکتی ہے؟ الغرض فرسٹ ایر اور فورتھ ایر وغیرہ کے درمیان "طبقاتی" منافرت اور "فرقہ وارانہ" فسادات کا ہرگز ہرگز کوئی خطرہ نہ تھا ـــــ اگر دہم کی دوا ہماری بے مثال ڈسپنسری میں ہوتی یا جناب لقمانؑ کے پاس ہی ہوتی ـــــ پھر کچھ نہ کچھ مداوا تو ہو ہی جاتا ـــــ مگر ع

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

بہرحال یہ قانون مُفت میں حفظِ ماتقدم کے طور پر ہم پر لاگو کیا گیا ہے۔ اس کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ ویسے یہ کوئی نیا قانون نہیں کالج کے تاریخ دانوں کا اس پر اجماع ہے کہ ان خاص ایام میں ارباب اختیار کا یہی وطیرہ رہا ہے لیکن ہر دور میں "قیدیوں" سے

اچھا سلوک کیا جاتا رہا ہے۔ انہیں "ڈیٹ شیٹ" کی رُو سے مراعات حاصل رہی ہیں۔ مگر امسال بے چاروں سے ۱۸۵۷ء کے اسیروں کی مانند سلوک روا رکھا گیا ہے۔ سیلانی کی مظلومین کے حق میں یہی دعا ہے۔ ع

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

نئے قوانین

سیلانی کو جن چیزوں سے ہمیشہ نفرت رہی ہے ان میں "نوٹس بورڈ" بھی شامل ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ شاید ہی ان پہ کوئی معقول بات چسپاں کی جاتی ہے ——— یہی وجہ ہے کہ سیلانی نے نوٹس وغیرہ پڑھنے کی تکلیف شاید ہی کبھی گوارا کی ہو ——— گزشتہ دنوں کچھ ایسے سنسنی خیز نوٹس چسپاں کئے گئے کہ خود بخود نظریں اُدھر اُٹھ گئی ہیں ——— تحریری طور پر سیلانی کی توجہ ان اعلانات کی طرف مبذول کروائی گئی ہے۔ ظاہر ہے کہ یار لوگ تبصرہ چاہتے ہیں ——— لیجئے تبصرہ حاضر ہے:-

سٹاف روم ایکٹ:- واضح ہو کہ یہ حکم نامہ افسر بکارِ خاص جناب جنید ہاشمی صاحب کی طرف سے "نازل" ہوا ہے۔ اس کی رُو سے "عوام" یعنی طلبہ کو متنبہ کیا گیا ہے کہ خاص اجازت کے بغیر "سٹاف اسمبلی چیمبر" میں داخل ہونے والا "حوالۂ پولیس" کیا جائے گا ——— دفتر کے ایک ترجمان نے اس ضابطے کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ طلبہ اس حد تک بے تکلف ہو گئے تھے کہ سٹاف روم کی حیثیت خالہ جی کے باڑے کی سی ہو گئی تھی ——— اس کے علاوہ وہاں آمد و رفت اس قدر عام ہو گئی تھی کہ "سرکاری ٹریفک" کو بھی رُکنا پڑتا تھا ——— آمنّا و صدّقنا ——— لیکن سیلانی کا خیال ہے کہ اس قانون کا نفاذ ٹریفک کے حادثات کے پیشِ نظر نہیں، بلکہ وجہ دراصل اور ہے ——— اور وہ یہ کہ امتدادِ زمانہ کے طفیل "اراکین اسمبلی" اور "رعایا" کے مابین حجم اور جسامت کے اعتبار سے فرق روز بروز گھٹتا جا رہا تھا۔ اس امتیاز کے پیشِ نظر یہ ضابطہ جاری کرنا پڑا ہے۔ "رعایا" کا مفاد اسی میں ہے کہ اس حکم پر عمل پیرا ہو ورنہ داخلے کے "سیزن" میں "رُوٹ پرمٹ" یا "لائسنس" ملنے میں دشواریاں پیدا ہو جائیں گی ——— ہشیار باش !!

"قانونِ انسدادِ سمگلنگ":- یہ ضابطہ زون آف ٹس کے ایڈمنسٹریٹر محترم صوفی صاحب کی طرف سے بحوالہ پرنسپل صاحب جاری کیا گیا ہے۔ "ریاست ہائے متحدہ تعلیم الاسلام کالج" پہ جغرافیے کی دو کتابیں شاید لائبریری سے دستیاب ہو سکیں گی ——— تفصیل تو آپ وہاں ہی پڑھیں، مختصراً حدودِ اربعہ یہ ہے کہ شمال میں کوہ جلالیہ، مشرق میں "ریاست فضل عمر ریسرچ" ——— جنوب میں بحرِ جناب اور مغرب میں تعلیم الاسلام ہائی سکول کا وسیع و عریض ملک ہے۔ ملحقہ ملک میں دو ریاستیں "عزیز بُک شاپ" اور "مُون لائٹ بُک لینڈ" ہیں۔ اوّل الذکر نے تو تعلیم الاسلام ہائی سکول سے باقاعدہ الحاق کر لیا ہے مگر مؤخر الذکر نے خود مختار رہنے کو ترجیح دی ہے ——— گویا ایک لحاظ سے اس کی حیثیت وہی ہے جو بھارت میں "گوا" کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سیلانی ہمیشہ اس "ریاست" کو "گوا" کے نام سے موسوم کرتا ہے ——— آمدم برسرِ مطلب، اس قانون کا مقصد "سمگلنگ" کی روک تھام ہے۔ "قومی کرنسی" کے کالج سے باہر جانے کی شکایات گاہے گاہے محکمۂ کسٹم کو یوں تو طویل عرصے سے مل رہی تھیں ——— لیکن اب ہمسایہ ملک کی سرحدات پہ جھڑپیں ہوئی ہیں ——— نقضِ امن کے پیشِ نظر یہ قانون ہنگامی طور پہ نافذ کیا گیا ہے۔ اس کی رُو سے کالج کا کوئی طالب علم ہمسایہ ملک کی

حدود میں قدم رکھنے کا مجاز نہیں۔ اس حکم کی خلاف ورزی کرنے والے کو دو سال کے لئے "ملک بدر" کرنے سے پہلے مبلغ یکصد روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ پتہ چلا ہے کہ پیر صاحب "گوا تریف" نے تجارتی تعلقات بحال کرنے کے لئے متعلقہ حکام سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کی ہے۔ ویسے کالج کے باشندوں کی سہولت اسی میں ہے کہ "تجارت" کی عام اجازت ہو ——

عام انتخابات

گزشتہ سے پیوستہ شمارے میں "ڈاکٹری رپورٹ" آپ نے ملاحظہ کر لی ہوگی کہ ہر سال —— یونین —— کی پیدائش اکتوبر میں ہوتی ہے اور ترقی کی منزلیں جلدی جلدی طے کرنے کے بعد اپنی سرگرمیوں کی وجہ سے نام پیدا کرتی ہے —— حتیٰ کہ فروری کے آخر میں زکام اور نزلے کی شکایت سے وفات پا جاتی ہے —— لیکن اس مرتبہ افواہ گرم تھی کہ پیدائش "ایٹمی نوعیت" کی ہوگی —— یعنی اچانک اور عجیب و غریب انداز سے، افواہ یہ تھی کہ پروفیسر نصیر احمد خان صاحب اپنے خصوصی اختیارات کو بروئے کار لا کر قومی اور ملی مفاد کے پیش نظر ریاست ہائے متحدہ تعلیم الاسلام کالج کی تمام سیاسی پارٹیوں کو خلاف قانون قرار دے دیا ہے۔ یونین کا کام چلانے کے لئے چند محنتی اور مخلص طلبہ نامزد کر دیئے جائیں گے —" سیلانی تو حرکت اور حرکت کے تسلسل کا قائل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس افواہ سے بہت قلق ہوا لیکن جب بعد میں آنے والے واقعات نے ثابت کر دیا کہ یہ افواہ بالکل بے بنیاد تھی —— تو اپنی جلد بازی اور عجلت پہ قلق "ہوا" —— یہ بات نہ جانے کتنی مدت تک ذہن میں چبھتا رہا!! کافی غور و خوض کے بعد یہ عقدہ اب وا ہوا کہ اس افواہ کے "مصنفین" کالج کے وہ ممبرانِ سیاست دان ہیں جو اپریل میں "ڈسٹنکشن کمیشن" کی "سکریننگ" سے بچ نہیں سکے —— فضل عمر ہاسٹل کا صوبہ بڑا مردم خیز ہے۔ جس پلڑے میں ہاسٹل بیٹھ جائے پھر یوں سمجھنا چاہئے کہ دوسرے پلڑے کے نیچے آنے کی توقع رکھنا عبث ہے۔ ہاسٹل کی تمام پارٹیاں ابوبکر صاحب کی پارٹی میں مدغم ہو گئیں اور ایک متحدہ محاذ بن گیا —— سیلانی اسی وقت بھانپ گیا تھا کہ یہی "الشوا فریقین پارٹی" ہی جیتے گی۔ اس "متحدہ محاذ" کو دیکھ کر بڑے بڑے سیاست دانوں کے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی۔ ہوا کا رخ دیکھ کر سمیع صاحب تو پیچھے ہٹ گئے —— اور "اَن فٹ یونین" بن گئے۔ گو حالت بھی ان دنوں غیر ہو گئی ——

انتخابات سے قبل خوب گہما گہمی رہی۔ انتخابی مہمات کا سلسلہ چل نکلا! "تہذیب گداگروں" نے ہاتھوں میں کشکول تھام لئے —— ووٹروں کی گردنیں تن گئیں۔ ووٹروں اور امیدواروں کے مابین گمشدہ کڑیاں باپ دادا کے عہد کے پرانے دوستانہ مراسم اور رشتہ داریوں کے انکشافات ہونے لگے —— ہائے اس زمین سے سیکھنے کی خاطر کیا کیا پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں ——!!

آخر کار وہ دن بھی آ گیا جس دن یونین کی قسمت کا فیصلہ ہونا تھا۔ اسی حال میں جہاں امتحان ایکٹ اسیر مرتے رہے تھے —! "وعظ" ہوا۔ تقریریں ہوئیں۔ "تعارف" کی بدعت کا اس دفعہ اعادہ نہیں ہوا۔ پہلے خیال کیا گیا کہ بیلٹ سسٹم مسدود رہے گا۔ چنانچہ خاص بکس بنوائے گئے —— الیکشن کمشنر محترم خان صاحب نے مبلغ دو عدد پولنگ افسروں کے تقرر کا اعلان کیا۔ اور بیشتر اس کے کہ یہ افسران اپنے عہدوں کا چارج لیتے۔ یہ سکیم ہی رد کر دی گئی اور وہ بکس غائب کر دیئے گئے۔ سادہ طریقے سے انتخابات ہوئے اور ابوبکر صاحب کی الشوا فریقین پارٹی جیت گئی —— منتخب نمائندوں پر تبصرے کے حقوق سیلانی کسی "آڑے وقت" کے لئے محفوظ رکھتا ہے۔ مختصراً یوں سمجھ لیجئے کہ —— ٹائٹل پیج کے علاوہ کتابت، طباعت اور

کاغذ گوارا ہے۔"

عام انتخابات کے بعد کابینہ مرتب ہوئی۔ اور پھر کابینہ کی "تاجپوشی" کی رسم بڑے تزک و احتشام سے منعقد ہوئی۔ کچھ حرکت میں برکت ہو رہی ہے۔ یونین آفس میں کچھ جان ڈالی جا رہی ہے۔ نئی چق آویزاں ہو چکی ہے۔ زرق برق پردوں کا اہتمام ہو رہا ہے۔ الماریوں کے ٹوٹے ہوئے شیشے تبدیل کئے جا رہے ہیں۔ جمع شدہ ٹرافیوں کے کھرنڈ اتارے جا رہے ہیں ـــــ بہرحال "اصلاحات" کی طرف توجہ ہے۔ ایک آدھ اردو مباحثہ بھی ہوا ہے لیکن سیلانی واشگاف الفاظ میں کہے دیتا ہے کہ مباحثے کا معیار نہایت پست اور عام انتظام ناقص تھا ـــــ اگر سارا زور صرف اور صرف یونین آفس کی آرائش و زیبائش پر صرف ہوتا رہا اور اس طرف توجہ مرتکز نہ کی گئی تو پھر ان مباحثوں کا خدا حافظ ـــــ سیلانی کو ڈر ہے کہ درخشندہ روایات کا طلسم پاش پاش ہو جائے گا اور پرانی زنگ آلود ٹرافیاں "پوجا پاٹ" کے لئے رہ جائیں گی ـــــ!! خدا کرے یہ دن ہم کبھی نہ دیکھیں !!

~~~

یونین کے انتخابات کے بعد دیگر "بنیادی جمہوریتوں" کی بحالی شروع ہو گئی۔ مجلسِ ارشاد یعنی "مجلسِ دستور ساز" ـــــ کا انتخاب بھی ہو گیا۔ "ڈسٹرکٹ بورڈوں" یعنی مختلف سوسائٹیوں کے انتخابات ہو گئے ہیں لیکن "کارپوریشن" یعنی ہاسٹل اور "پنچایتوں" یعنی ٹیوٹوریل گروپوں کے انتخابات ہونے والے ہیں ـــــ سائنس سوسائٹی چونکہ یونین کے بعد سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہے اسلئے اس پر کچھ تبصرہ چاہیئے۔ محترم خان صاحب اللہ کے فضل سے ناظم امتحانات بھی ہیں، سائنس سوسائٹی کے صدر بھی۔ اب محترم خان صاحب بڑے قانونی آدمی ہیں۔ نئی نئی باتیں ہر وقت سوجھتی رہتی ہیں۔ چنانچہ سائنس سوسائٹی کے انتخابات بھی بڑی جدت سے ہوئے۔ اچھی خاصی گرمی پیدا ہو گئی۔ یہ انتخابات بھی حال ہی میں ہوئے۔ مباحثوں کے موسم میں جو گیلریاں مستورات کو عطا ہوتی ہیں وہ آرٹس کے طلبہ کو بخشی گئیں ـــــ!

اُمیدواروں کا حال ذرا سُن لیجئے۔ پہلے تو یہ افواہ اڑی کہ فورتھ ایئر والے بھٹہ صاحب کی نیت ٹھیک نہیں لیکن اللہ میاں کا شکر ہے کہ انہیں فوراً "ہدایت" نصیب ہو گئی۔ نثار صاحب ایشیو افریقن پارٹی کے بھروسے پر کھڑے ہو گئے۔ متحدہ محاذ کا ٹکٹ کول اور عصا انہیں "وراثت" میں ملا ـــــ ادریس صاحب اچھے بھلے بیٹھے ہوئے تھے مگر یار لوگوں نے محض اسلئے انہیں کھڑا ہونے کی تکلیف دی کہ ان کی شکل سائنسدانوں سے ملتی جلتی ہے اور امین صاحب نے دلیل یہ دی کہ "کثرتِ مطالعہ سے بلند پایہ سائنسدانوں کی طرح سر کے بال اڑ چکے ہیں"!! اسی طرح سیکنڈ ایئر اور فرسٹ ایئر نے دیکھا دیکھی الیکشن کا ذائقہ چکھنے کے لئے کئی سائنسدان "اُگ" آئے۔ تھرڈ ایئر کلاس نے معقول امیدوار بھیجے۔

انتخابی مہمات تیز رہیں لیکن ہمارے ادریس صاحب اللہ لوک آدمی ہیں۔ اُن کی "بے نیازی" دیکھ کر انہیں کھڑا کرنے والوں کو کچھ فکر ہوئی۔ چنانچہ حامیوں کے دستخط کروانے کا سلسلہ شروع ہوا۔ فرسٹ ایئر کے ایک دو طلبہ نے دستخط کئے۔ ادریس صاحب پھر لمبی تان کر سو رہے۔ شاید یہ سوچ کر کہ یہ دو دو دستخط دن دونی رات چوگنی ترقی کریں گے ـــــ آپ کے سلوک سے رفقاء خاصے پریشان رہے۔ اس کے برعکس نثار صاحب پہ سارا ہاسٹل نثار۔ اور پھر ابوبکر صاحب دھوپ میں اور چاندنی میں سائے کی طرح ساتھ ساتھ ـــــ آرٹس کے طلبہ ہیں کہ نثار صاحب کے لئے دوڑ دھوپ کر رہے ہیں ـــــ آخر کار آخری وقت آ گیا۔ تقریریں
~~~

ہوئیں - ادریس صاحب نے بڑی رقت سے تقریر کی - حالانکہ وہاں ہائیڈروجن گیس کے دھماکوں کی ضرورت تھی - اس کے برعکس نثار صاحب کا "ٹمپریچر" بہت زیادہ بلند تھا - ووٹنگ ہوئی - نثار صاحب کے تو بارہ ہوگئے ! اسی طرح سلیم صاحب اور حمید صاحب بھی منتخب ہوگئے - جو امیدوار رہ گئے انہیں تالیفِ قلوب کی نیت سے کچھ عہدے دیئے جارہے ہیں ! ادریس صاحب کو کلاس کی نمائندگی ملتی ہے مگر آپ قبول کرنے پر آمادہ نہیں ----- صدارت تو گئی "بے نیازی" سے اور اب نمائندگی کا بیڑہ "خودی" غرق کر رہی ہے - اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ بے چاری فورتھ ایئر کیمسٹری ----- دو تین سال سے "یتیمی" کی صعوبتیں سہنے کے لئے معرضِ وجود میں آتی ہے !! - ادریس صاحب کو سیلانی کا مخلصانہ مشورہ یہی ہے کہ وہ کبھی پولیٹکس کے پتے سونگھ کر اس مسئلہ پر سنجیدگی سے غور کریں - اور نثار صاحب کو یہ نصیحت ہے کہ وہ اہلِ کیمیا سے نیک سلوک کریں اور "یتامیٰ" کی آہوں سے ڈریں - کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ "یتیمی" اگلے سال ریاضی کی طرف منتقل ہو جائے !

اَدبی محفلیں

اب خیر سے کالج میں نصابِ تعلیم سے وابستہ مصروفیتوں سے ہٹ کر عام علمی و ادبی سرگرمیوں کا دَور شروع ہو چکا ہے ! ابتداء تو مجلسِ ارشاد نے کی ہے اب مجلسِ اُردو نے اُوپر تلے دو ادبی محفلیں برپا کی ہیں ! بھلا ہو جناب خالد صاحب کا کہ اِدھر اُدھر سے ماہرینِ فن کو منا لاتے ہیں ! پہلی مجلس کے انعقاد کا اعلان بڑے دھڑلے سے ہوا - اخباروں تک نوبت گئی - اعلان پڑھتے ہی ایک نئی زندگی رگ و ریشہ میں سرایت کر گئی ----- مقررہ وقت آیا ----- اور گزر گیا - انتظار کی ابتداء ہوئی ----- شاعرانہ "طوالت" طاری ہوا چاہتی تھی کہ مجلس اُردو کے کسی پردھان نے سیلانی کو بڑی مسرت سے یہ "مژدہ" سنایا کہ آج کچھ نہیں ہوگا - کیونکہ مہمان نہیں آسکے ----- " اس بجلی کے گرتے ہی امید دل کے تنکے خاک ہوگئے ----- اور سیلانی اس خاک کو وہیں ہال میں پھینک کر مایوسی کی حالت میں گھر لوٹا - بعد میں پتہ چلا کہ مجلس ہوئی اور خوب ہوئی - مقالے پڑھے گئے اور شعراء نے کلام سُنا کر محفل کو گرما دیا - "ثوابِ دارین" سے اس طرح محرومی پر سیلانی اب تک دانت پیس رہا ہے - پردھان جی اگر سیلانی سے معافی نہ مانگتے تو پھر ان کے سر کا خدا ہی حافظ تھا ----- بہرحال اس مجلس کے متعلق کچھ عرض نہیں کر سکتا ----- جعفری صاحب کے اشعار کو طلبہ ابتک گنگنا رہے ہیں -

دوسری محفل کے انعقاد کا اعلان پرانے زخموں کے لئے سکون آفریں مرہم ثابت ہُوا - "سابقون الاولون" کا مقام حاصل کرنے کے لئے سب سے پہلے ہال میں جا گھسے -

اِس محفل کے رُوحِ رواں ڈاکٹر عبادت بریلوی، حبیب اشعر اور محسن احسن تعلیم تھے - ڈاکٹر صاحب موصوف مشہور نقاد ہیں - اِس کالم میں کئی بار آپ کا ذکر ہو چکا ہے - آپ نے جدید شاعر اور جدید شاعری کی ہیئت کے تجربات پر "مقالہ" پڑھا - پروگرام کے مطابق پڑھنا تو مقالہ ہی تھا مگر تشریح و تفسیر نے ایک مبسوط لیکچر کی شکل اختیار کر لی ----- اس تقریر کے علاوہ "تمہید" بھی تھی ----- یوں سمجھئے کہ تمہید بھی ایک مقالہ تھی اور مقالہ تو بہرحال مقالہ ہی تھا - آپ نے شاعری میں جدت کی ابتداء سے لیکر موجودہ "انحطاطی" دور تک تمام حالات، واقعات اور ادبی انقلابات پر روشنی ڈالی - اِس سلسلہ میں "انجمن پنجاب" کی ذہنی اور فکری تحریک کا بھی ذکر آگیا ----- میر سے لے کر میراجی تک کے اسالیب پر بھی سیر حاصل تبصرہ کیا - آپ نے خصوصیت سے اُن اثرات کا جائزہ لیا جو جنگ عظیم ثانی

کے بعد اُردو شاعری اِن سے متاثر ہوئی ——

قیامِ پاکستان کے بعد شاعروں کی "افراط" کی شکایت عام ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے لاہور میں ہونے والے شاعروں میں "اکثریت" کی "نیم دلی" کا ذکر بھی ضمناً کر دیا۔ لطیفوں اور چٹکلوں سے قہقہے بکھیرتے رہے۔ سوالات کا سلسلہ شروع ہوا۔ خدا کا شکر ہے کہ اساتذہ و طلبہ نے "معقول" سوالات ہی پوچھے۔ سوالات کے بلند معیار کا ڈاکٹر صاحب پر خاص اثر تھا۔ سنجیدگی اور وقار ہماری محفلوں کا طرۂ امتیاز ہوتا ہے۔ اور یہ روایت برقرار ہی ہے۔ متوقع ساعتوں کی فہرست پوری نہ ہو سکی۔ امید ہے "آئندہ" کی تلافی مستقبل قریب میں ہو پائے گی۔

فاضلانہ لیکچر کے بعد حبیب اشعر صاحب اور کلیم صاحب نے اپنے بلند پایہ کلام سے نوازا۔ جناب حبیب اشعر مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب کے نواسے ہیں۔ اپنے تیر بہدف نسخوں سے "جسمانی امراض" کا علاج کرتے ہیں اور اپنے تیر بہدف اشعار سے فن کے مریضوں کو روحانی تسکین بہم پہنچاتے ہیں ——

ذرا ملاحظہ ہو ؎

طور بے طور ہوئے جاتے ہیں — اب وہ کچھ اور ہوئے جاتے ہیں
چھلکی پڑتی ہے نگاہِ ساقی — دور پہ دور ہوئے جاتے ہیں
تو نہ گھبرا کہ ترے دیوانے — خوگرِ جور ہوئے جاتے ہیں
عشق کے مسئلہ ہائے سادہ — قابلِ غور ہوئے جاتے ہیں

مجھ کو ڈر ہے کہیں رندوں کو نہ بدظن کر دے
تری محفل کا یہ فرسودہ نظام اے ساقی!
وہ بھی پتھر کے زمانوں کی طرح جینے لگے ہیں
جن کو حاصل ہے ترا قربِ دوام اے ساقی!

جناب کلیم صاحب چائے پان کے رسیا نظر آتے ہیں۔ "نوائے وقت" کے اسسٹنٹ ایڈیٹر ہیں۔ آپ کے ہر شعر پر سامعین جھوم اٹھتے۔ کچھ شعر یاد رہے ہیں۔ سنیئے اور سر دھنیئے ؎

معلوم نہیں یہ غمِ دل ہے کہ غمِ زیست
دامن مرا کھینچا کسی مبہم سے اثر نے

پھر تیرہ شبی سے ہے سحر دستِ گریباں
پھر ظلمتِ غم تاب لگی جیسے نکھرنے

بیتے ہوئے لمحوں سے مجھے کس نے صدا دی
لبیک کہا کس کو مرے دیدۂ تر نے

بہت تلخ ہیں زندگی کے فسانے
مرے خواب ہیں پھر بھی کتنے سہانے
ستاروں کے آگے بہت کچھ پڑا تھا
زمیں پر بھی جینے کے ہوں کچھ بہانے
سہارا نہ دیتی اگر موجِ طوفاں
ڈبو ہی دیا تھا ہمیں ناخدا نے
گری اور گرتی رہی برقِ سوزاں
بنے اور بنتے رہے آشیانے

منجملۂ افکارِ جہاں ہے غمِ دل بھی
کہتا ہے اسے کون حریفِ غمِ دوراں

اِک چراغ اَور بُجھا اَور بڑھی تاریکی!

حال ہی میں مولانا عبدالمجید صاحب سالکؔ ہم سے جُدا ہوئے ہیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ ہر مخلص اور ہمدرد ادیب قوم کی متاعِ عزیز ہوتا ہے ــــــ ایک ایسا ستارہ جس کی روشنی میں قومی کارواں منزل کی طرف بڑھتا ہے ــــــ سالکؔ بھی ایک ایسا ہی ستارہ تھا، جو صحافت اور ادب کے آسمان پر پوری تابانی سے جگمگاتا رہا!! یہی وجہ ہے کہ مولانا کی وفات کا صدمہ ملک کے گوشے گوشے میں محسوس کیا گیا ہے۔ مرحوم کے فن اور تحقیق و تدقیق کے جذبے سے قوم کے علمی اور ادبی سرمایہ میں گرانقدر اضافہ ہوا ہے۔ مرحوم کی آخری تصنیف ــــــ "مسلم ثقافت ہندوستان میں" ــــــ ایشیا کی بہترین کتاب سمجھی گئی ہے اور یونیسکو نے مصنف کو انعام کا مستحق قرار دیا ہے۔ یہ ایک ایسا اعزاز ہے جس پر ملک و قوم فخر کر سکتے ہیں ــــــ

مولانا مرحوم یوں تو بہت سی خوبیوں کے مالک تھے لیکن سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ ادبی، علمی بلکہ ہر شعبۂ زندگی میں نوجوانوں کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کرنے کا مقدس جذبہ آپ کے حساس دل میں پوری طرح موجزن تھا ــــــ

مولانا مرحوم کئی مرتبہ ربوہ آئے۔ آخری بار ۱۹۵۵ء میں تعلیم الاسلام کالج کے ایک مشاعرے کی صدارت کے لئے تشریف لائے تھے۔ اس وقت طلبہ نے مرحوم کی پُرکشش شخصیت کا قریب سے جائزہ لیا اور انہیں خوش خُلقی، معنی آفرینی، جدت طرازی اور بذلہ سنجی کا مجسمہ پایا۔ ان کا متبسم چہرہ خلوص، شفقت اور بے لوث محبت کا آئینہ دار تھا ــــــ!

موت نے قوم سے ایک بہت بڑا ادیب، صُبح گو مصنف، معروف طناز، مشہور صحافی اور عظیم شاعر چھین لیا ہے۔ مولانا سالکؔ مرحوم کی وفات سے مُلک کے علمی، ادبی اور صحافتی حلقوں میں ایک ایسا خلا پیدا ہو گیا ہے جس کے پُر ہونے کی توقع نہیں ــــــ

ادارہ المنار اس عظیم قومی صدمے پر قوم کے صدمے میں پُوری طرح شریک ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم پر رحم فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل بخشے۔

(ادارہ)

سنوارے جائیں گیسوئے دوراں ہم نہیں ہوں گے!

—— یہ وہ تاریخی نظم ہے جسے مولانا سالک مرحوم نے تعلیم الاسلام کالج کے ایک عظیم الشان مشاعرے (منعقدہ ۱۹۵۵ء) میں کرسیٔ صدارت پر جلوہ افروز ہو کر، تحسین و آفرین کے غلغلوں میں، اپنے مخصوص انداز سے پڑھا —— (ادارہ)

چراغِ زندگی ہوگا فروزاں ہم نہیں ہوں گے
چمن میں آئیگی فصلِ بہاراں ہم نہیں ہوں گے

جوانو۔ اب تمہارے ہاتھ میں تقدیرِ عالم ہے
تمہیں ہوگے فروغِ بزمِ امکاں ہم نہیں ہوں گے

جئیں گے جو وہ دیکھیں گے بہاریں زُلفِ جاناں کی
سنوارے جائینگے گیسوئے دوراں ہم نہیں ہوں گے

ہمارے ڈُوبنے کے بعد اُبھریں گے نئے تارے
جبینِ دہر پہ چھٹکے گی افشاں ہم نہیں ہوں گے

نہ تھا اپنی ہی قسمت میں طلوعِ مہر کا جلوہ
سحر ہو جائے گی شامِ غریباں ہم نہیں ہوں گے

اگر ماضی منوّر تھا کبھی تو ہم نہ تھے حاضر
جو مستقبل کبھی ہوگا درخشاں ہم نہیں ہوں گے

ہمارے دَور میں ڈالیں خرد نے اُلجھنیں لاکھوں
جنوں کی مشکلیں جب ہونگی آساں ہم نہیں ہوں گے

کہیں ہم کو دکھا دو اک کِرن ہی ٹمٹماتی سی!
کہ جس دن جگمگائے گا شبستاں ہم نہیں ہوں گے

ہمارے بعد ہی خونِ شہیداں رنگ لائے گا
یہی سُرخی بنے گی زیبِ عنواں ہم نہیں ہوں گے

○

پروفیسر چوہدری محمد علی
ایم۔اے

○

حادثہ وہ جو اَب کے سال ہُوا
حسبِ اُمّید۔ حسبِ حال ہُوا

سُن کے کہنے لگے مرا احوال
ہم کو صدمہ ہُوا ۔ ملال ہُوا

ایک تجھ سے وفا کی تھی اُمید
تُو بھی لوگوں کا ہم خیال ہُوا

تیرے بے وجہ مسکرانے پر
ہم کو کیا کیا نہ احتمال ہُوا

دلِ خانہ خراب کے ہاتھوں
کیا بتاؤں جو میرا حال ہُوا

جس سے پُوچھو وہی فرشتہ ہے
آدمی کوئی خال خال ہُوا

ایک بندہ۔ ہزار بندہ نواز
بندگی کیا ہوئی وبال ہُوا

کچھ تو دل کو قرار آئے گا،
تُو ہُوا یا ترا خیال ہُوا

عشق کی دار و گیر میں مضطرؔ
ایک دل تھا جو پائمال ہُوا

پروفیسر نصیر احمد خان
ایم۔ ایس۔ سی

محبت کا سارا جہاں آپ کا ہے
زمیں آپ کی آسماں آپ کا ہے

شب و روز کی گردشیں اللہ اللہ
زماں آپ کا ہے مکاں آپ کا ہے

تماشائے محمل بیابان بیابان
جرس آپ کی کارواں آپ کا ہے

یہ آنسو یہ تارے، یہ آہیں یہ بادل
شرر آپ کے ہیں دھواں آپ کا ہے

تیرے عشق سے سر میں سودائے سجدہ
جبیں آپ کی آستاں آپ کا ہے

ہے سینے میں دل، دل میں موجِ محبت
یہ جذبہ نہاں در نہاں آپ کا ہے

فقط خاک و خون بزمِ ہستی میں اپنے
عَلَم آپ کا ہے نشاں آپ کا ہے

میری زندگی بے حقیقت فسانہ
فسانے کا رنگیں بیاں آپ کا ہے

نصیرِ حزیں گر نہیں ہے تو کیا ہے
یہ سب حلقۂ عاشقاں آپ کا ہے

پروفیسر چوہدری محمد شریف خالد
ایم۔اے

○

محبت کے نغمے ہیں پُرسوز سارے

اسی سوز سے ہیں یہ دل میں شرارے

سدا جلتے رہنا ہی ہے کارِ طالب

محبت میں جیتے وہی جو کہ ہارے

ہیں طوفان و گرداب و ظلمت مسلّط

مری کشتیٔ دل لگی نہ کنارے

جو ہوتا انہیں وصل تیرا میسّر

تو کیوں لوگ پھرتے یونہی مارے مارے

شہیدِ محبّت نہیں وہ پتنگا

جو سوزش کی لذّت نہ ہرگز سہارے

خوشا گر مرے غمکدہ میں وہ آئیں

تو دُنیا سے خالدؔ خوشی سے سدھارے

مقالات

جناب ریاض احمد
ایم۔اے

کچھ جدید غزل کے بارے میں

یہ مقالہ بزمِ اُردو تعلیم الاسلام کالج کے ایک اجلاس میں پڑھا گیا۔

ادبی روایت ایک معاشرے کی مخصوص ذہنی افتاد اس کے اسلوبِ فکر، احساس، قدر اور مجموعی جذباتی ردِ عمل تشکیل پاتی ہے۔ غزل جو ایک ہزار سال تک ہمارے ہاں مروّج و مقبول رہی ہے۔ یوں تو ہو نہیں سکتا کہ ہمارے مزاج کی افتاد کے لئے بالکل اجنبی ہو اور گزشتہ سالوں میں جب یہ نظم کے مقابلے میں رد دی گئی تھی۔ تو ظاہر ہے کہ مغربی علوم و فنون کے بیاں سادہ مطالعے نے ہمیں بعض نئی راہیں سجھائی تھیں جن پر غزل نہ چل سکتی تھی لیکن یہ نئے انداز اور نئے اسلوب اس وقت تک نہ تو اپنے اثر و نفوذ کے اعتبار سے پوری قوم کو مسخر کر سکتے ہیں اور نہ اس محدود مغرب آشنا حلقے کی فطرتِ ثانیہ بن سکتے ہیں جو مغربی علوم سے واقف ہے۔ یہ Reorientation کی ابتدائی اور شعوری کوشش تھی، جو سیاسی اعتبار سے ایک انفعالی قسم کا ردِ عمل تھا۔ آزادی کے بعد اس انفعالی ردِ عمل کا باقی رہنا ممکن نہ تھا لیکن دوسری طرف ذہن ان نئی راہوں سے ایک نسبتاً گہری یگانگت محسوس کرنے لگے ہیں چنانچہ سلبی اور انفعالی ردِ عمل کی بجائے ایک مثبت اور فعال ردِ عمل بروئے کار آیا تو ہمارے لئے ممکن ہو گیا کہ ہم گذشتہ کے برعکس اپنی چال بھولے بغیر ہنس کی چال چل سکیں۔ یہاں پہنچ کر غزل نے ایک نیا رنگ اختیار کیا۔

یہ نیا رنگ کیا تھا؟ یقیناً ایک الجھا ہوا سوال ہے۔ اس کے جواب کے لئے پہلے ضروری ہے کہ غزل کی پرانی روایت کو سمجھا جائے۔ غزل کی ابتدائی تعریف یوں کی گئی تھی "ذکرِ زناں و ذکرِ عشقِ ایشاں"۔ اس سے بیشتر لوگوں کو یہ سوجھی کہ غزل صرف حسن و عشق کی انفرادی واردات کے لئے مخصوص ہے لیکن جیسا کہ حمید احمد خان نے کہا ہے غزل کے دامن میں بہت جلد ایسے مضمون داخل ہو گئے جو فکر و احساس کی کسی خاص کیفیت کے باعث حسن و عشق سے متعلق تھے۔ غزل گو، بقول ڈاکٹر یوسف حسین خان "احساسِ جمال کو حیات و کائنات کے سمجھنے کے لئے بطور قدر استعمال کرتا ہے"۔ موضوع سے ہٹ کر غزل کا اپنا ایک مخصوص لہجہ بھی ہے۔ حمید احمد خان نے اسے بذلہ سنجی یا نکتہ آفرینی قرار دیا ہے۔ یوسف حسین خان کے نزدیک اس لہجے کا راز اجمال، ابہام اور رمز و کنایہ میں مضمر ہے۔ یہ وہی کیفیت ہے جس کا تقاضا ہم نثر کی تخلیقات مثلاً افسانہ میں بھی کرتے ہیں۔ عارف ہندی کا قول ہے ؎

رمز و ایما اس زمانے کے موافق بھی نہیں
اور آتا بھی نہیں مجھ کو سخن سازی کا فن

غزل کے اجمال کے متعلق اقبال کا یہ قول بھی قابلِ غور ہے: "ایرانی ذہن تفصیلات کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اس کے بہترین حکیمانہ خیالات کا اظہار غزل کے منفرد اشعار میں ہوا ہے۔"
چنانچہ اصل بات یہ ہے کہ اچھے اور قدیم غزل گو احساسِ حقیقت سے بے بہرہ نہ تھے۔ البتہ ان کے احساس کا ایک مخصوص رجحان تھا اور ان کے بات کہنے کا ایک مخصوص ڈھنگ تھا۔ سوچ بچار غزل میں ہمیشہ سے شامل رہی ہے۔ یہ سوچ بچار ایک مخصوص نہج اور ایک مخصوص افتاد کی پابند ضرور تھی لیکن ہمہ گیری اور وسعت کے اعتبار سے محدود نہ تھی۔ ایک پرانے غزل گو کا شعر ہے ؎

در دلِ ما غمِ دنیا غمِ معشوق شود
بادہ گر خام بود پختہ کند شیشۂ ما

اس سے بھی پہلے عارفِ روم نے یہ کہا تھا ؎

خوشتر آں باشد کہ سرِ دلبراں
گفتہ آید در حدیثِ دیگراں

غالب نے بھی اس مضمون کو اردو میں پیش کیا ہے ؎

ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر
مطلب ہے ناز و غمزہ ولے گفتگو میں کام
چلتا نہیں ہے دشنہ و خنجر کہے بغیر

یہ دوسری بات ہے کہ پرانے زمانے میں ہمارا احساسِ قدر اپنی بلندی پر پہنچ کر تصوف کا روپ دھار لیتا تھا اور غزل میں بہر طور مختلف فکری سطحوں پر وہی جذبِ عشق اور نظر کی بات دہرائی جاتی تھی۔

پھر غزل ہمیشہ ایک ہی رنگ میں نہیں کہی گئی۔ داخلیت و خارجیت، حقیقت اور سطحیت، معنویت اور لفظ پرستی، مختلف ادوار میں غزل کو کبھی بلندی اور کبھی پستی کی طرف دھکیلتے رہے ہیں۔ ابہام گوئی اور تازہ گوئی کی روایت کا خیال کیجئے۔ ایک شعر کہنے کے لئے ذہن کو کیا کچھ نہ کرنا پڑتا ہوگا۔ سوچ بچار تو بہرحال موجود تھی، سوچ بچار کے زاویئے بدلتے رہے۔

وہ روایت جس نے پتنگ بازوں، قلعی گروں اور ریوڑی بنانے والوں کو غزل گو بنا دیا کچھ خاص طور پر غزل کی روایت نہ تھی۔ غزل کی جگہ کوئی بھی صنفِ سخن ہوتی، اس کا یہی حال ہوتا۔ وہ جو ان لوگوں سے ذرا بلند تر سطح پر تھے، وہ انہی حالات میں معنی آفرینی کی طرف متوجہ ہوئے۔ لیکن تک بندی کیا قصیدے میں نہیں ہوئی اور نظم ــــ جدید نظم پر بھی تو تک بندوں کا تصرف رہا ہے۔

اردو میں جدید غزل کا بانی غالب کو قرار دیا جاتا ہے۔ اور غالب کو لوگوں نے فلسفی تک کہہ دیا ہے۔ ظاہر ہے کہ سوچ بچار کا فقدان نہ تھا بلکہ سوچ بچار کی بہتات تھی جس کی طرف لوگوں نے اشارہ کرنا چاہا۔

اس کے بعد ایک بہت بڑا شاعر پیدا ہوا جس کی غزل اپنا جواب آپ تھی۔ میری مراد اقبال سے ہے۔ اور اقبال بھی فلسفی تھا روایتی فلسفی نہیں بلکہ فلسفہ میں مغربی یونیورسٹیوں سے گراں پایہ ڈگریاں حاصل کر چکا تھا۔ اقبال نے غزل کو ایک نئی معنوی وسعت سے آشنا کرایا لیکن غزل کے لہجے کو نہ بدلا۔ در اصل لہجے کی تبدیلی سے غزل غزل نہیں رہتی۔ سوال یہ ہے کہ سوچ بچار غزل میں اپنی صورت کیونکر بدل لیتی ہے کہ وہ سوچ بچار کے عام انداز سے مختلف نظر آنے لگتی ہے۔ حمید احمد خاں نے نظم کے مقابلے میں اسے عمومیت کے اعتبار سے ممیز کیا ہے۔ یوسف حسین خان کے نزدیک یہ فرق یوں پیدا ہوتا ہے کہ غزل میں مرکزی خیال خود شاعر

کی ذات ہوتی ہے۔ ادب میں عمومی طور پر خیال اور فکر کے مقابلے میں احساس اور جذبات مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہی بات غزل پر بھی صادق آتی ہے۔ اجمال اور رمز و ایما اس کے ساتھ کچھ اور تقاضے بڑھا دیتے ہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایک خاص فکری ردِ عمل بھی ایک جذباتی ردِ عمل نظر آنے لگتا ہے۔ ظاہر میں نظر دھوکا کھا جاتی ہے ؎

من و تو زاں غمِ شیریں ندانند
کہ اصلِ او ز افکارِ بلند است

خدا کی وحدانیت کا عقلی تصور جب جذباتی وفاداری کا تقاضا کرتا ہے تو بات ہم اوست یا ہم از وست تک پہنچ کر ہی نہیں رُک جاتی بلکہ اَنَا الحق کی سرحدوں کو جا چھوتی ہے مختصر یوں کہ غزل میں فکر یا منطق کا سہارا لے کر پیش نہیں کیا جاتا بلکہ ایک جذباتی ردِ عمل کی صورت میں پیش کیا جاتا ہے۔

جدید دور میں فکر و نظر نے مغربی علوم کے زیرِ اثر ایک تو تحلیلی انداز کا اثر قبول کیا ہے۔ دوسرے نظامِ زندگی میں مذہب کی حیثیت کسی حد تک بدل گئی ہے۔ اقبال کے فکری نظریے کی بنا اس چیز پر ہے کہ مذہب اور سیاست کی اقدار ایک ہی نظام کے تابع ہونی چاہئیں ؎

دوئی ملک و دیں کے لئے نامرادی
دوئی چشمِ تہذیب کی نابصیری

لیکن جب تک ایک غیر طاقت یہاں تھی یہ دوئی دُور نہ ہو سکتی تھی۔ جدید تہذیب کے مادی تصورات نے ذہن کو مذہبی تقدس کے احساسات سے کسی حد تک آزاد کر دیا تھا اور عملی طور پر مسلم لیگی ہو یا کانگرسی، اس کی سوچ کا انداز اور اس کا لائحۂ عمل ایک سیاسی رنگ اختیار کر لیتا تھا اس سیاسی رنگ نے جدید ادب کو بحیثیت مجموعی متاثر کیا ہے تحلیلی طریقۂ کار بظاہر غزل کی روایت کے خلاف تھا اور سیاست بھی غزل کا روایتی مضمون نہ تھا تاہم ان جدید ہمہ گیر رجحانات کی طرف سے غزل اور غزل گو کس طرح آنکھیں بند کر سکتے تھے۔ جہاں تک سیاست کا تعلق ہے اقبال نے اس سلسلے میں ہماری رہبری کی اور ہمیں یہ بتایا کہ وہی پرانے استعارے اور کنائے سیاسی ردِ عمل کو ظاہر کر سکتے ہیں۔ مثال دیکھئے ؎

نگاہِ فقر میں شانِ سکندری کیا ہے
خراج کی جو گدا ہو وہ قیصری کیا ہے
تیشے کی کوئی گردش تقدیر تو دیکھے۔
سیراب ہے پرویز جگر تشنہ ہے فرہاد

مادی اقدار کے احساس نے خود گزینی کے دائرے سے نکل کر خارجی اقدار کی طرف متوجہ کیا اور اب ہم حسن و عشق کی دنیا سے باہر کی زندگی کو بھی غزل میں پیش کرنے لگے۔ فراق کی غزل اس کی مثال ہے مذہبی، فلسفیانہ اور خالص سیاسی اقدار کے علاوہ زندگی کی عام اقدار، زندگی کی چھوٹی بڑی سب چیزوں سے شغف اور ان سے وابستہ جمالیاتی تحریکِ فراق کی غزل میں نمایاں طور پر موجود ہے۔ جدید غزل گوؤں کے انہی تاثرات نے روایتی عشق کی بعض حدود کو توڑنے کی جرأت دلائی۔ چند شعر دیکھئے ؎

اسی خیال سے دل کو تسلیاں دے لوں
کہ تیرے دم سے بھی ٹوٹا نہ زندگی کا فسوں

سناتی ہیں کوئی افسانہ تیری سہمگیں نظریں
ہوئی ہے مجھ سے گستاخانہ جرأت اس سے پہلے بھی

حفیظ ان کو نہ آئے گا یقین ترکِ محبت کا
کیا ہے بارہا ترکِ محبت اس سے پہلے بھی

~~~~~~

کوئی پروانوں کو سمجھاؤ کہ مرنے کے سوا
اور بھی چند مقاماتِ وفا ہوتے ہیں

~~~~~~

شہرت شبِ فراق ہے جی بھر کے سوئیے
ممکن ہے لوٹ کر نہ کبھی آئیں یہ سمے

~~~~~~

آشفتہ سرانِ حرم و دیر سے کہہ دو
آتی ہے سناٹوں کی کہیں دور سے آواز

~~~~~~

تھی تو یہی پہ آج سے پہلے ایسی حقیر فقیر نہ تھی
دل کی شرافت ذہن کی جدت اتنی بڑی تقصیر نہ تھی

~~~~~~

جہاں میں ہر چند معتبر ہے ردائے با تو قبائے خواجہ
فغاں کہ میرے لہو سے تر ہے ردائے با تو قبائے خواجہ

~~~~~~

غزل کی روایت سے ہٹ کر نئی بات کہنے کا یہ انداز ہے جس سے بعض اوقات یوں نظر آتا ہے کہ غزل کے دو مصرعے الٹ پلٹ کہہ دیئے گئے ہیں۔ شہرت کا یہ مطلع اسی انداز کا حامل ہے

اسی خیال سے دل کو تسلیاں دے لوں
کہ تیرے دم سے بھی ٹوٹا نہ زندگی کا فسوں

بھلا یہ بھی کوئی بات ہوئی کہ غمِ جاناں کے ہوتے ہوئے زندگی کا فسوں نہ ٹوٹے لیکن دراصل یہ بات اُن بے جوڑ لفظوں کے مجموعے سے پیدا نہیں ہوئی۔ بات کہنے کا ایک "بدلا ہوا" اسلوب اور موضوع کی ایک نئی تان اس مطلع کی خالق ہے۔

رہی ریزہ سرائی والی پرانی بات۔ تو جدید غزل نے یہاں بھی کروٹ بدلی ہے۔ کلیم الدین احمد نے تسلسل کے فقدان کے باعث ساری اردو شاعری کو درخورِ اعتنا نہیں جانا لیکن تسلسل ہے کیا؟ قدیم استاد بھی مسلسل غزل اور قطعہ بند کہا کرتے تھے کیا وہ تسلسل اس تقاضے کو پورا کرتا ہے جس کی طرف کلیم الدین احمد نے اشارہ کیا ہے۔ یقیناً نہیں۔ اس لحاظ سے قصیدے میں تسلسل موجود ہوتا ہے لیکن قصیدہ غزل سے بہتر صنفِ سخن نہیں۔ دراصل ایک خاص قسم کا پھیلاؤ۔ ایک سلسلے کی مختلف چیزوں کو احاطہ کرنے کی کوشش یا ایک ہی کیفیت کے مختلف اجزائے ترکیبی کو اجاگر کر دینا تسلسل کی شرط کو پورا نہیں کر سکتی۔ شعر میں تسلسل دراصل نام ہے ایک ایسی ارتقائی کیفیت کے استشہاد کا جو ایک تصور کے نقطہ آغاز سے اسکے مقامِ عروج تک ہماری رہبری کر سکے۔ جدید نظم میں یہ کیفیت بہت حد تک اجاگر ہو جاتی ہے لیکن غزل میں اس کا امکان نہیں۔ غزل کی وہ خصوصیت جسے حمید احمد خاں نے عمومیت کے نام سے تعبیر کیا ہے' البتہ جدید غزل میں اس امر کی گنجائش پیدا کر دیتی ہے۔ کہ ایک مخصوص جذباتی کیفیت کے ماتحت زندگی کے مختلف روپ جس طرح نظر آتے ہیں۔ انہیں ایک غزل کے دامن میں سمیٹ لیا جائے۔ جدید غزل میں تسلسل کی یہی کیفیت موجود ہے۔ اسی تسلسل کو قائم رکھنے کی خاطر یہ ہوا کہ لوگوں نے لمبی ردیفیں چھوڑ دیں ردیف اگر مختصر ہوا ور ایں انداز کہ اس میں معانی کے مختلف پہلو مضمر ہوں اور وہ اسی خاص کیفیت سے بھی ہم آہنگ ہو جو غزل کا موضوع ہے تو کچھ ایسی دقت پیدا نہیں ہوتی۔ مثلاً اصغر سلیم

کی ردیف "دولتِ بانو قبائے خواجہ" اپنی طوالت کے باوجود جمالی تصورات سے لیکر مادی اشتراکیت تک کے موضوعات کو اپنے دامن میں سمیٹ سکتی ہے۔ اس قسم کی ردیف غزل کے ظاہری حسن اور آہنگ کو بڑھاتی ہے۔ ذوالفقار بخاری کی مشہور ردیف "کہ ساقی رات گزرنے والی ہے" اسکی ایک مثال ہے جن غزلوں میں صرف قافیہ ہو ان میں ترنم کی کمی اکثر محسوس ہوتی ہے لیکن اسکے ساتھ یہ بھی ہے کہ ان جدید غزلوں میں جذباتی شدت اور اس کے پیدا کردہ تیز اور شوخ زیر و بم کے بجائے ایک دھیمے ترنم کا سوز اور سنجیدگی پیدا ہو جاتی ہے

کلیم الدین احمد نے غزل کو ایک نیم وحشی صنفِ سخن کا نام دیا تھا۔ تاثیر مرحوم کو اس میں جاگیردارانہ نظام کا پرتو نظر آتا تھا لیکن ایک چیز قابلِ غور ہے کہ وہ صنف جو اپنی تکنیک اور انفرادی لہجے کے لحاظ سے اتنی پختہ ہے کہ مکمل شعر پر ہی نہیں بلکہ منفرد مصرعوں پر بھی اسکی چھاپ اتنی گہری ہو کر اسے دوسری اصناف سے متمیز کیا جا سکے اسکے امکانات محدود فضا میں پہنچ کر یکلخت ختم تو نہیں ہو جانے چاہئیں۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ اسے ایسے فنکار میسر نہ آئیں جو اس کے نئے امکانات کو اجاگر کر سکیں۔ اور یہاں تو یہ بات بھی نہیں۔ اقبال اور فراق نے اور ان کے بعد بعض نوعمر فنکاروں نے غزل کے مستقبل کو بہت حد تک روشن کر دیا ہے۔

میر کا تتبع بھی دراصل اسی سلسلے کی ایک چیز ہے۔ یہ تتبع میر کے مخصوص لغت (Diction) کی نقالی کا نام نہیں ہے۔ اور نہ یہ انکے مضامین کے اعادے کا نام ہے۔ یہ تتبع میر کی ذہنی افتاد، جذباتی ردِعمل، اسکی آواز اور لہجے کی پہچان سے پیدا ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ہی میر کے تتبع میں لکھنے والوں خصوصاً مختار صدیقی کے ہاں ایک منفرد رنگ بھی تو نظر آتا ہے۔ جیسے دو شخص مل کر گا رہے ہوں۔ تو آواز کی یک آہنگی کے باوجود دو آوازوں کا احساس ہوتا رہتا ہے۔ مختار کی غزل پڑھتے وقت ہمیں اسی طرح محسوس ہوتا ہے کہ یہ آواز دو آوازوں سے مل کر بنی ہے۔ جس سے اس میں ایک نیا سوز و گداز پیدا ہو گیا ہے

گلیاں وہ ویران ہیں جن میں تیرا دیوانہ پھرتا تھا
اسکے بہانے دید کو تیری سارا زمانہ پھرتا تھا

ایک طرح سے یہ بھی غزل کی پختگی کی دلیل ہے کہ انفرادیت اور اجتماعیت یہاں ساتھ ساتھ چل سکتی ہیں۔ میر کی غزل کا رنگ ایک پختہ عمومیت بن چکا ہے۔ اس رنگ کی عمومیت کو مجروح کئے بغیر اس میں انفرادیت کا انعقاد ——— یہ بات شاید کسی اور صنفِ سخن میں ممکن نہ تھی۔

ہوتی نہ عام جہاں میں کبھی حکومتِ عشق
سبب یہ ہے کہ محبت زمانہ ساز نہیں

علاج آتشِ رومی کے سوز میں ہے ترا
تری خرد پہ ہے غالب فرنگیوں کا فسوں

احکام ترے حق ہیں مگر اپنے مفسر
تاویل سے قرآں کو بنا سکتے ہیں پاژند
(اقبال)

زبیدہ - ایچ - قریشی
آنرز سٹوڈنٹ (آرٹس)

عربی شاعری کی ایک جھلک

پسِ منظر

دُنیا کے تمام ادبوں کی ابتداء شاعری سے ہوتی۔ حِسّ اور ادراک پر شعر کا اثر مسلّمہ ہے انسان کو جذبات کا حِس ہوتا ہے وہ دماغ کو کام میں لاتا ہے اور پھر سوچتا ہے کہ جب تک قوتِ ادراک اور قوتِ متخیلہ باقی ہیں شعر کا وجود ختم نہ ہوگا۔ اسی وجہ سے ارتقائی تہذیبِ انسانی میں نظم جو مظہرِ جذبات ہے نثر پر مقدم ہے یعنی جب کوئی یاس انگیز نغمہ چھیڑتا ہے تو سامعین بلا اختیار آہ و غم سے چیخ اٹھتے ہیں اور شاعر جب طرب و نشاط کا گیت الاپتا ہے۔ تو سننے والے خرّم و شادماں ہو جاتے ہیں۔ عربوں کے ہاں جب تک فنِ تحریر ایجاد نہ ہوا تھا زمانہ جاہلیت کے شعراء سینکڑوں طویل قصائد اپنے دماغ میں محفوظ رکھ سکتے تھے۔ اور قوتِ حافظہ کی بنا پر سن سکتے تھے۔ اسکے برعکس نثر کے چند ٹکڑے بھی یاد رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔

ہر چیز ابتداء میں ناقص ہوتی ہے۔ وہ خامیوں سے بھری ہوتی ہے لیکن جوں جوں وہ ترقی کے مدارج طے کرتی ہے مکمل ہوتی چلی جاتی ہے۔ اس میں وسعت، پختگی اور اوج آجاتی ہے۔

عربی ادب کی ابتداء شاعری سے ہوئی

دُنیا کے دوسرے ادبوں کی طرح عربی ادب کی ابتداء بھی شاعری سے ہوئی۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس کی ابتداء کب ہوئی؟ طفولیت میں اس کی صحت کیسی تھی؟ جن لوگوں نے اس کی تربیت کی ان کا پایۂ بزرگی کیا تھا؟ مزید برآں یہ کہ اس کا باوا آدم کون تھا؟ ان سوالات کے جوابات بذریعۂ اعتقاد لیے ہیں۔ اور کچھ وثوق سے نہیں کہا جا سکتا۔ شعراء کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ **امرؤ القیس** سے پہلے بیسیوں شعراء ایسے گزرے ہیں جن کا کلام زمانے کے دستِ تطاول نے خورد برد کر دیا اور وہ ہم تک نہیں پہنچ سکا۔ ناقدینِ فن نے اوّلیت کا تاج **مہلہل بن ربیعہ** کے سر پر رکھا ہے جس نے کلیب کے قتل کے بعد مرثیہ لکھا۔

بہرحال جو اشعار ہم تک پہنچے ہیں وہ وزن اور قافیے کے لحاظ سے درست، لفظی اور معنوی محاسن کے لحاظ سے بلند تر ہیں۔ اس دور کی شاعری تمام تر غنائی ہے اور اس صنف کے تحت غزل، فخریہ، مرثیہ، مدح و ذم اور وصف آجاتے ہیں۔ یوں نظر آتا ہے کہ عربوں کی محبوبہ شاعری جدتِ خیال اور ندرتِ الفاظ کے سانچے سے مزین آراستہ اور پیراستہ ([illegible]) کی طرح دفعتاً پیدا ہوگئی تھی جو عیوب سے پاک اور نقائص سے مبرا تھی۔

وصف نگاری - ندرتِ تشبیہ

اس وقت جبکہ شاعر کو فطرت کے ساتھ ہم آہنگی تھی۔

وہ حسنِ فطرت اور سادگی کا دلدادہ تھا۔ اسے جذبات کی شاعری میں فضول استعاروں اور دور از کار تشبیہوں کی بہت کم ضرورت پڑتی۔ وہ تمثیلوں کے پیچ اور محاوروں کی گل کاری میں الجھنا پسند نہ کرتا۔ اسکی آنکھ فطرت کی جن رنگینیوں کو دیکھتی اور اس کا دماغ جن حقائق کا احاطہ کرتا، یہ حقائق خارجی ہوں یا خیالی۔ انہیں وہ الفاظ کی زبان میں اس طرح بیان کرتا کہ ہر چیز کی تصویر اصل سے زیادہ دلکش، دلفریب اور دلکش نظر آنے لگتی۔

نابغہ ذُبیانی، جو نعمان بن منذر والی حیرہ کا درباری شاعر تھا۔ اس عہد کا ایک نگینہ ہے۔ نعمان کی بیوی متجردہ جو حسن وجمال میں لاثانی تھی، کہیں منہ پر نقاب ڈالے کھڑی تھی سامنے سے نابغہ آ گیا۔ اتفاق کی بات کہ ہوا نے شوخی کی، منہ پر سے نقاب گر پڑا۔ ادھر نقاب گرا اور چہرہ کھلا، ادھر شاعر شیریں بیان کی نظر تڑپ کر اس پر آئی۔ ملکہ شرمائی۔ ایک ہاتھ نقاب اٹھانے کے لئے جھکا تو دوسرا دستِ تاباں کی آڑ بن گیا۔ یہ منظر ایسا نہ تھا کہ شاعر کے دل کو نہ گدگداتا۔ شعور نے چٹکی لی۔ زبان سے شعر نکلا اور واقعہ کی تصویر یوں کھینچی ؎

سَقَطَ النصیفُ وَلَمْ تُرِدْ اِسقاطَہُ
فتناولتہُ واتَّقَتْنا بالیَدِ

"یعنی بے اختیاری میں جو اس کا نقاب گرا۔ تو ایک ہاتھ اسنے نقاب کو اٹھانے کے لئے بڑھایا اور دوسرے سے اپنا منہ ہم سے چھپا لیا"

مصورِ حقیقی نے جس بُتِ طناز کو صناعی کے قلم سے تمام ظاہری محاسن اور خوبیاں دیکر بنایا تھا، دیکھا شاعر نے اسکی ایک ادا کو اس طرح الفاظ کے آئینے میں ظاہر کیا کہ دیکھنے والا برابر دیکھنے کی خواہش رکھتا ہے۔ نابغہ نے متجردہ کے کتابی چہرہ، ستواں ناک یاقوتی لبوں اور چشم آہو کی طرف اشارہ تو نہیں کیا لیکن یہ خدوخال پڑھنے والے کے پیش نظر ضرور رہتے ہیں۔ زمانہ جاہلیت میں شاعر کسی کی بے جا مدح وستائش کو اپنے لئے ننگ و عار سمجھتا تھا۔ وہ شاعری کو جلبِ منفعت کا ذریعہ نہیں بنانا چاہتا تھا۔ توصیف کے وقت وہ صرف ان خصائص کا ذکر کرتا تھا جو ممدوح میں موجود ہوتے۔

زہیر بن ابی سُلمٰی ایک مقام پر کہتا ہے ؎

لو کنتَ مِن شیءٍ سوی بَشَرٍ
کنتَ المنوّرَ لیلۃَ البدرِ

چہرے کی تابناکی اور حسن کی شگفتگی کو بدرِ منیر سے تشبیہ دی ہے۔ کتنی مقبول نظر آتی ہے۔

امرؤ القیس جو اشعر الشعراء ہے، فضول لفاظی سے احتراز کرتا ہے اور اپنی محبوبہ کے اوصاف گنتے وقت دقیق تشبیہیں استعمال کرتا ہے۔ جو جدت اور ندرت کے علاوہ قرین قیاس ہیں۔ ایک مقام پر کہتا ہے ؎

تُضِیءُ الظلامَ بالعشیِّ کأنّہا
منارۃُ مُمْسیٰ راھبٍ مُتَبَتِّلِ

"وہ اپنے منور چہرہ سے شام کے وقت تاریکی کو روشن کر دیتی ہے۔ گویا وہ تارک الدنیا راہب کا چراغ ہے۔"

عمدہ تشبیہوں اور مقبول استعاروں کے علاوہ دورِ جاہلیت کا شاعر منظر نگاری میں بھی کمال رکھتا ہے۔ وہ فطرت کے دلفریب مناظر کو حقیقت بین آنکھ سے دیکھتا ہے اور اس انداز سے بیان کرتا ہے کہ پڑھنے والے محسوس کرتے ہیں کہ جو کچھ وہ کہہ رہا ہے یہ آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔

برسات کی رُت ہے گھنے بادل آسمان پر چھائے ہیں۔ کبھی کبھی بجلی چمک کر بادلوں کے پیچھے چھپ جاتی ہے۔ بادو باراں

کا طوفان ساتھ ہے۔ اشجار ٹوٹ ٹوٹ کر گر رہے ہیں۔ اس تمام منظر کو امرؤ القیس دیکھتا ہے اور قلم کو جنبش میں لاتا ہے رشحاتِ قلم یہ ہیں ؎

۱۔ أَصاحِ ترىٰ برقاً أُريكَ وميضَهُ
كلَمْحِ اليَدَيْنِ في حُبَيٍّ مُكَلَّلِ

۲۔ يُضِيءُ سَنَاهُ أو مصابيحُ راهِبٍ
أَهانَ السَّلِيطَ بالذُّبالِ المُفَتَّلِ

ترجمہ: ۱۔ اے ندیم! کیا تو نہیں دیکھتا یہ بجلی جو میں تمہیں دکھا رہا ہوں، کہ صفت بادل میں یوں چمک اٹھتی ہے جیسے محمل میں سے دو ہاتھ جھلک جائیں۔

۲۔ یا یہ اس طرح چمک رہی ہے جیسے کہ راہب نے بہاڑ پر چراغاں کیا ہے اور بٹی ہوئی بتی کو دل کھول کر تیل دیا ہے۔

جذبات نگاری و مرثیہ گوئی

ظہورِ اسلام سے قبل جبکہ بدویانہ زندگی نے شعراء کو فطرت کے قریب رکھا تھا اور تکلف اور تصنع سے دور، وہ جذبات نگاری کے ایسے نمونے پیش کرتے ہیں جو بعد کی شاعری میں معقود نظر آتے ہیں۔ درد و غم کا جذبہ اور جذبات قوی تر، اس لئے لازمی تھا کہ مرثیہ کی ابتدا اسی دور سے ہی ہوتی۔ شاعر جب کبھی رشتہ دار کی ناگہانی موت کے سبب قسامِ ازل سے شاکی ہوتا تو وہ اپنے جذباتِ حزن و ملال اور رنج و غم کا اظہار ہر موقع پر کرتا، خود روتا اور دوسروں کو رلاتا۔ مجنونوں کا سا حال اس کے گلے میں لٹک رہا ہوتا۔ اس کے بال پریشان اور گرد آلود ہوتے۔ دامن چاک ہوتا اور سینہ کوبی اس کا شیوہ ہوتا۔ متمم بن نویرہ اور خنساء کے مرثیے ہمارے قلبی جذباتِ حزن و ملال کا صحیح مرقع ہیں۔

ایک اعرابیہ[1] کا بیٹا مر گیا۔ ماں کو صدمہ پہنچا۔ جذبہ آزار کا احساس اور یاس و نامرادی کا جذبہ مرثیہ بن کر زباں سے نکلا۔ الفاظ نہیں جگر کے ٹکڑے ہیں جو کٹ کٹ کر منہ سے نکل پڑتے ہیں۔ کہتی ہے ؎

مَن شاءَ بعدكَ فليَمُتْ
فعليكَ كُنتُ أُحاذِرُ
كُنتَ السَّوادَ لناظري
فعَمِيَ عليكَ النّاظِرُ
ليتَ المنازلَ والديا رَ
حفائرٌ و مقابرٌ
إنّي وغيري لا محالَةَ
حيثُ صِرتَ لصائرُ

یہ اشعار جذباتِ مادرانہ کا ہو بہو عکس ہیں۔ اولاد کو کون نورِ نظر نہیں جانتا۔ کونسی ماں اپنے بیٹے کی موت پر پچھاڑیں نہیں کھاتی اور دنیا اس کی آنکھوں میں تیرہ و تار نہیں ہو جاتی۔ جوش مصرعہ مصرعہ چھپتا اور دل کو لگتا ہوا ہے صرف اس لئے کہ ایک اندوہناک حقیقت کی تصویر ہے +

(ماخوذ از تمدنِ عرب)

---

[1] اعرابیہ کا اصلی نام برّہ بنت حُریث ہے۔ اس کا ایک اور مرثیہ ڈاکٹر اعظم حسین نے کتاب الاختیارین میں درج کیا ہے۔
(کتاب الاختیارین صفحہ ۷۰)

طارق سعید مرزا
تھرڈ ایر (آرٹس)

"اقبال کا فقر"

شاعرِ مشرق علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال کی نغمہ سرائی سے کون واقف نہیں؟ لیکن آپ کوئی رومانی قسم کے نغمہ سرا نہ تھے بلکہ آپ کی شاعری باقاعدہ موضوعات کی پابند، اخلاق آموز اور فلسفیانہ تھی۔

اسی لئے اپنے اس عقیدے میں کہ "شاعری زندگی کے تابع ہوتی ہے" انہوں نے ایک اور بات کا اضافہ کیا اور وہ کہتے ہیں کہ شاعری زندگی اور شخصیت کے تابع ہوتی ہے۔ مادہ پرستی میں تو یہ خطرہ ہے کہ شاعری جماعتی سیاست یا جامد نظریوں کا غلام بن کر رہ جاتی ہے۔ لیکن اقبال نے شخصیت پر زور دے کر اپنے آپ کو اس خطرہ سے بچا لیا۔ انہوں نے سماجی زندگی کی جو اقدار مقرر کی ہیں ان کا مرکز بھی شخصیت کا ہی مسئلہ ہے۔ اقبال کہتے ہیں کہ جو چیز خودی کو تقویت دے اور اُسے جاندار بنائے وہ سماجی اعتبار سے اچھی ہے۔

اور اقبال نے اسی لئے اپنے نظامِ اخلاق کی بنیاد شخصیت پر رکھی۔ یہ چیز انہیں کسی ایک فرقہ کے نظریات کا اسیر بنکر رہ جانے سے بچا لیتی ہے۔ اور یہ حقیقت ہے کہ اقبال سے پہلے اُردو شاعری کی کائنات غزل، ضمنی اکتسابات، قصائد اور مثنویات پر مشتمل تھی۔ اس میں یا تو حزن و یاس کے مرقعے ملتے ہیں یا سطحی لذت پرستی اور خوش باشی کے نمونے بقول فراق "ہماری شاعری کا بیشتر حصہ یا تو تفریح تھا یا ماتم"۔

اور اقبال سے پہلے کے شاعروں نے ہمیں یا تو رُلایا تھا یا ہمیں گزشتہ عظمت پر آنسو بہانا سکھایا تھا یا زندگی کے تاریک پہلوؤں کو پیش کرتے ہوئے زندگی سے گریز۔ انہوں نے ہمیں زندگی سے محبت کرنے اور اس کی رفعتوں کو چھو لینے کی بجائے زندگی سے نفرت اور اس سے فرار کی تعلیم دی تھی۔ انہوں نے ہمارے سامنے زندگی کی ایسی بھیانک تصویریں پیش کی تھیں کہ ہم نے انہیں دیکھ کر زندگی سے ڈرنا شروع کر دیا۔

لیکن اقبال اُردو زبان کا پہلا شاعر ہے جس نے ہم پر اسرارِ حیات منکشف کئے۔ جس نے انسانی عظمت کے رازہائے سربستہ کو افشا کیا۔ جس نے زندگی سے ڈرنا نہیں لڑنا سکھایا کر ہمیں جہد للبقاء پر آمادہ کیا۔ اس نے ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کر دیا کہ شاعر کا کام محض ماضی کے پُرعظمت افسانوں کو یاد کر کے آنسو بہانا یا زندگی کی ٹھوس اور تلخ حقیقتوں سے گھبرا کر راہِ فرار اختیار کرنا اور "رومانیت" میں پناہ لینا نہیں بلکہ نوعِ انسان کو ایک ایسا پیغام دینا ہے جو یقین و عمل کی قوتوں کو بروئے کار لا کر اسی دُنیا کو جنت میں بدل دے!

در حقیقت اقبال کا تمام فلسفۂ خودی اُن تمام عصری رجحانات کا شدید ردِ عمل ہے جو ہمیں انفعالیت و مجہولیت کی طرف لے جا رہے تھے۔ اور جن کی سرحدیں عیسائیوں کی رہبانیت، ہندوؤں کے تیاگ، بدھ مت کے ترکِ حیات و استیصالِ تمنا اور دورِ حاضر کے مُلّا و صوفی کے مروجہ تصوف سے ملتی تھیں۔

ان تمام مختلف مدرسہ ہائے خیال کی تعلیم و تلقین نے انسانی

عظمت کو بُری طرح کچل کر رکھ دیا تھا۔ اور انسان میں کچھ اس قسم کا شدید احساس کمتری پیدا کر کے رکھ دیا تھا۔ جس نے اس کی تمام عملی قوتوں کو موت کی نیند سلا دیا تھا۔

اقبال کا مقصد یہ ہے کہ انسان کو اس نیند سے بیدار کیا جائے۔ اقبال کی تمام شاعری کا محرک حقیقی صرف یہ ہے کہ انہوں نے اپنے ذہن میں انسان کا ایک بلند و برتر تصور قائم کیا۔ اور اس کا نام "مردِ مومن" رکھا جس کی نگاہ سے تقدیریں پلٹ جاتی ہیں۔ اس "مردِ مومن" کی صفات کی وضاحت انہوں نے مختلف عنوانات سے کی ہے کہیں مردِ مومن مسندِ عشق پر متمکن ہے اور کہیں مسندِ فقر پر۔

اور اقبال نے اسی فقر و درویشی کو اپنی شاعری کا پس منظر بنا کر جو کچھ کیا ہے اس کا محرک وہی جذبہ صادق تھا جو انسانی عظمت و برتری پر منتج ہو جاتا ہے۔ اقبال زندگی کو عظمت کا حامل دیکھنا چاہتا ہے اور وہ اس بات کا خواہشمند ہے کہ انسان کو اپنی قدر و قیمت کا احساس ہو جائے اسکے سینے میں یہ خیال نہ کسی طرح کھٹکتا تھا کہ "کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا"

اور اقبال نے فقر کو ہمیشہ ان معنی میں پیش کیا جن معنی میں دنیا کے سب سے بڑے فقیر نے "الفقر فخری" فرمایا تھا۔ اسی لئے تو اقبال بھی فقیر کو بشرطیکہ وہ فقیر ہو، سے دنیا کی تمام نعمتوں سے بڑھ کر سمجھتا ہے؎

فقیرِ راہ کو بخشے گئے اسرارِ سلطانی
بہا میری نوا کی دولتِ پرویز ہے ساقی

اقبال نے جس دور میں جنم لیا تھا۔ اس دور کے ہندوستانی مسلمان اپنی تمام خصوصیت گنوا چکے تھے اور اسلامی تصورِ حیات کا کوئی واضح اور صحیح نقشہ انکے پیشِ نظر نہ تھا۔

وہ تصوف جو مسلمانوں کی روحانی اخلاقی اور عملی زندگی کا ایک اہم جزو بنا ہوا تھا۔ سراسر غیر اسلامی تھا۔ اس تصوف میں رہبانیت اور تیاگ کے ان غیر اسلامی عناصر کا امتزاج نظر آتا تھا۔ جنکے استیصال کا اسلام مدعی ہے اس تصوف میں ہند و تہذیب اور فرنگی ذہنیت کے زیرِ اثر وہ فنا پسند تصورات شامل ہو گئے تھے جنکے خلاف اسلام کا پیش کردہ تصورِ حیات ایک زبردست احتجاج ہے۔

غرض ہند و تہذیب اور ہندو دھرم کے زیرِ اثر مسلمانوں نے بھی بھوکا مرنے۔ ننگا رہنے۔ ناچنے۔ گانے اور بھیک مانگنے ہی کو فقیر سمجھ رکھا تھا۔ انکی نظریں وہاں تک نہ پہنچی تھیں جہاں اقبال کی نظریں پہنچ چکی تھیں کہ فقیر وہ نعمت ہے جو بادشاہوں کو بھی نصیب نہیں ہوتی اور یہ وہ مرتبہ ہے جو ہر کس و ناکس کو عطا بھی نہیں ہوتا؎

مقامِ فقر ہے کتنا بلند شاہی سے
روش کسی کی گدایانہ ہو تو کیا کہیے

اقبال کے زمانہ میں اور اس سے قبل بھی ہندوستان میں مفلسی، عاجزی، انکساری، بے عملی، فرائض سے کنارہ کشی، احساس ناطاقتی اور مجبوری ہی کا نام فقر رکھا جاتا تھا۔ سعی پیہم سے فرار سماجی و مجلسی زندگی کے عائد کردہ قوانین سے دور بھاگنا۔ اپنے آپکو کمزور و ہیچ سمجھنا۔ دنیا کے کارخانے کو تخلیقِ عالم کی غرض و غایت سے لاعلم ہو کر اسے ایک بیکار چیز جاننا۔ زندگی کے مقاصد پر غور و فکر نہ کرنا۔ بلکہ انکو بازیچۂ اطفال کا درجہ دینا بھی فقر سمجھا جاتا تھا اور اقبال اسی فقر سے بیزار ہو کر کہتے ہیں؎

اٹھا میں مدرسہ و خانقاہ سے غمناک
نہ زندگی۔ نہ محبت۔ نہ معرفت۔ نہ نگاہ

اور اقبال کا سارا فلسفۂ خودی جو انکے تمام کلام کا حاصل ہے اسی شدید خواہش کی بنیاد پر تعمیر کیا گیا ہے کہ انسان کو اس کے صحیح مقام سے آگاہ کیا جائے اسی لئے اقبال فقر کو بے عملی اور ترکِ دنیا سے تعبیر نہیں کرتا۔ وہ محض خانقاہوں کے کونوں میں بیٹھ کر

ذکر و فکر سے نفس کشی کرنے والوں کو فقر کا درجہ دینا نہیں چاہتا۔ اور اسی لئے اس نے غیر اسلامی عناصر تصوف کو الگ کر کے لوگوں کو زندہ حقیقی تصورِ فقر سے آشنا کیا۔ اور اس کا فقر درحقیقت مذہب اسلام کا ہی بنایا ہوا فقر ہے۔ بلکہ اقبالؔ کے نزدیک تو اسلام کا دوسرا نام بھی فقر ہے۔

لفظ اسلام سے یورپ کو اگر کد ہے تو خیر
دوسرا نام اسی دین کا ہے فقرِ غیور

غیرت مندی، حق گوئی، دلیری، بلند نظری، آزادی جیسی نعمتیں اقبالؔ کے فقر کا ثمر ہیں۔ اور یہ ایسا سرمایہ ہے جس کے آگے روم و شام کی سلطنتیں بھی کچھ حقیقت نہیں رکھتیں۔

مردِ درویش کا سرمایہ ہے آزادی و مرگ
ہے کسی اور کی خاطر یہ نصابِ زر و سیم

لیکن جہاں اقبالؔ نے فقر کا صحیح اور صالح تصور پیش کیا ہے اور اسے حاصل کرنے کی تلقین کی ہے وہاں ساتھ ساتھ یہ بھی صاف صاف بتا دیا ہے کہ جو اقوام فقر کی راہ پر چلتے چلتے رک جاتی ہیں، یا اپنا رخ دوسری سمتوں میں موڑ لیتی ہیں، وہ ترقی کے زینے سے گر کر ذلت و بے چارگی کی عمیق غاروں میں جا گرتی ہیں۔

یہ فقرِ مردِ مسلماں نے کھو دیا جب سے
رہی نہ دولتِ سلمانی و سلیمانی

"میں نے بلندی کو عاجزی اور فخر کو فقر میں پایا۔"

حضرت اویس قرنیؓ

خلیل رامپوری

جب تیری آنکھ میں آنسو ہوگا
وہ بھی اک جیت کا پہلو ہوگا

دل سمجھتا ہے جسے - تو ہوگا
کوئی اڑتا ہوا جگنو ہوگا

جو ہر اک دل کے قریں بستا ہے
وہ ترے جسم کی خوشبو ہوگا

جس پہ قائم ہے مدارِ خورشید
وہ بھی تیرا خمِ ابرو ہوگا

چوٹ کھاتے ہیں ہنسے جاتے ہیں
کیا کوئی ہم سا بھی خوش خو ہوگا

اس اندھیرے میں ابھرتا سایہ
کوئی آوارہ لبِ جو ہوگا

چاندنی رات کا پُر کیف سماں
قابلِ دیدِ لبِ جو ہوگا

اب وہاں جا کے بسیں گے کہ جہاں
ابر بھی ——— سایۂ گیسو ہوگا

سید مقبول حسین
تھرڈ ایر (سائنس)

عدم کی شاعری

